DECEMBER 2024 **U/ID 33278/ULF3A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

PART A — (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ: کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

1. لفظ ''اردو'' کس زبان سے ماخوذ ہے؟
2. اردو زبان کو ابتداء میں کن کن ناموں سے پکارا گیا؟
3. اردو زبان کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟
4. اردو کا تعلق آریائی زبانوں کے کس خاندان سے ہے؟
5. رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
6. ''خدائے سخن'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

7. قافیہ کسے کہتے ہیں؟

8. ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

9. مرزا غالب کی پیدائش کہاں ہوئی؟

10. کسی دو غزل گو شعراء کے نام بتائیے۔

11. کسی دو مثنوی نگاروں کے نام بتائیے۔

12. میر تقی میر کو کس قسم کی شاعری کے لئے شہرت حاصل ہے؟

PART B — (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب دو سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

13. علی عادل شاہ ثانی کی شاعری پر اظہار خیال کیجئے۔

14. سراج اورنگ آبادی کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

15. نظیر اکبر آبادی کے کلام کا امتیاز کیا ہے؟

16. اردو نثر کے لئے سر سید احمد خاں کی خدمات کا احاطہ کیجئے۔

17. علامہ اقبال کی شاعری پر ایک اختصاریہ لکھئے۔

18. فیض احمد فیض کی نظم گوئی کا جائزہ لیجئے۔

19. کرشن چندر کی افسانہ نگاری پر اظہار خیال کیجئے۔

PART C — (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

20. اردو زبان کے آغاز وابتداء کا جائزہ لیجئے۔

21. میر تقی میر کے حالات زندگی اور شاعری کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

22. اردو میں جدید غزل کی روایات پر روشنی ڈالئے۔

23. مضمون نگاری کے اصول اور ضابطوں کا احاطہ کیجئے۔

24. ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے۔

(الف) مادری زبان کی اہمیت۔

(ب) مسابقتی امتحانات کی اہمیت اور ضرورت۔

(ج) تندرستی ہزار نعمت ہے۔
